جذبہ ہرگز مشتعل نہیں ہوا ہے۔

---

اور اگر اسلامی نصب العین آپ کے سامنے نہیں ہے بلکہ محض سادہ معنی میں ایک قوم کی حیثیت سے آپ اپنی انفرادیت کا تحفظ چاہتے ہیں، اور اپنے اندر نیشنلزم کی روح پیدا کر کے دوسری قوموں کے ساتھ کامیاب مسابقت کرنا آپ کا آخری مطمح نظر ہے، تو بلا شبہ آپکو اپنے پیشواؤں میں اسلام کا رنگ دیکھنے کی ضرورت نہیں، مگر کم از کم آپ کو یہ تو دیکھنا پڑیگا کہ ان میں قوم پرستانہ ایثار، جرأت و بسالت، اور تدبر و حکمت بھی ہے یا نہیں۔ یہ صفات آپ کو اپنے اِن لیڈروں میں کہاں نظر آتی ہیں؟ سروں اور خان بہادروں اور نوابوں کے اس مجمع میں کون ایسا ہے جس نے اپنی قوم کے لیے کبھی اپنا بال بھی بیکا ہونے دیا؟ ان میں کون جنگ کا مرد میدان ہے؟ کس کو آپ اُس قوم کے لیڈروں کی ٹکر کا سمجھتے ہیں جس سے آپ مسابقت کرنے جا رہے ہیں؟ اِن کے تدبر کا دیوالیہ پن تو اسی سے ظاہر ہے کہ تین سال سے لڑ رہے ہیں اور آج تک یہ طے نہ کر سکے کہ ہمیں چاہنا کیا چاہیے۔ کمیٹیوں پر کمیٹیاں بیٹھتی ہیں اور مطلوب کا تعین کیے بغیر اٹھ جاتی ہیں۔ گویا لڑائی تو جاری ہے مگر یہ ابھی تصفیہ طلب ہے کہ وہ چیز کیا ہو جس کے لیے ہم لڑیں! پھر سیاسی جنگ کے فن سے نا آشنائی کا حال یہ ہے کہ تین سال کی مدت میں کوئی ایک کارگر حربہ بھی انہیں نہ مل سکا۔ جب ملتے ہیں اوچھے ہتھیار ہی ملتے ہیں، جیسے یوم نجات، یا رائل کمیشن، یا وفد لندن! کیا یہ تیسرے درجہ کی قیادت آپ کو کانگریس کے مقابلہ میں فتح و ظفر سے ہم آغوش کرا سکتی ہے؟

---

بعض لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ تم باہر سے تنقید کرنے کے بجائے اندر جا کر اصلاح کیوں نہیں کرتے؟ یہ اعتراض بظاہر بڑا معقول معلوم ہوتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ معترضین کے سامنے

معاملہ کے تمام پہلو نہیں ہیں۔ میرے سب سے الگ رہنے کی اولین وجہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی جتنی مختلف جماعتیں اس وقت مختلف راستوں میں دوڑ دھوپ کر رہی ہیں، مجھے ان سب کے مسلک میں بنیادی نقائص نظر آتے ہیں، اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر تنقید صحیح کے ذریعہ سے ان جماعتوں کے ذی فہم لوگوں میں ان نقائص کا احساس پیدا کر دیا جائے تو یہ سب ایک جماعتی نصب العین پر مجتمع ہو سکتے ہیں۔ اسی غرض سے میں نے کامل غیر جانبداری اختیار کر کے ہر ایک پر آزادانہ تنقید کی ہے۔ اگر میں کسی ایک جماعت کا آدمی بنکر دوسروں پر تنقید کروں تو وہ کبھی نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جو شخص ایمانداری کے ساتھ کسی جماعت میں اصولی خرابیاں پاتا ہو اس کے لیے جماعتی نظام کے اندر داخل ہونے کا کوئی موقع نہیں ہے۔ اس کا ضمیر کس طرح ایسے کُل کا جز بننا قبول کر سکتا ہے جس کو وہ بحیثیت مجموعی غلط سمجھتا ہو؟ تیسری وجہ یہ ہے کہ جس شخص کو اپنے ہم خیال بہت کم نظر آتے ہوں اس کے لیے باہر سے تنقید کرنا زیادہ مفید ہے، کیونکہ اس طرح وہ اپنے خیالات کی تبلیغ وسیع پیمانہ پر کر سکے گا۔ جماعتی نظام کا پابند ہو جانے کے بعد اسے باہر اپنی زبان بند کرنی پڑے گی، اور اندر انقلاب پیدا کرنا بہت دیر طلب کام ہوگا۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ اندر سے اصلاح کرنا صرف اس جماعت میں ممکن ہے جو بالکل جمہوری اصولوں پر بنی ہو۔ لیکن جس جماعت کا دستور اس ہوشیاری کے ساتھ بنایا گیا ہو کہ ظاہر میں تو جمہوریت کی نمائش ہو اور باطن میں قدم قدم پر ارباب اقتدار نے اپنی پوزیشن کی حفاظت کے لیے مورچے بنا رکھے ہوں، اُس کا صحیح علاج باہر ہی سے ہو سکتا ہے۔ اندر جا کر لڑنا اپنی قوتوں کو ضائع کرنا ہے۔

---

بعض حضرات اس قسم کے غیر اسلامی اجتماع اور مرکزیت کے حق میں قرآن و حدیث سے

